© rasailojaraid.com



شفیق فاروقی

# دار العلوم کے شب و روز

تقریب ختم بخاری شریف و جلسہ دستار بندی بتاریخ ۲۶ اکتوبر بروز جمعرات بعد از نماز ظہر

اس تقریب میں پاکستان کے ہزاروں علماء و مشائخ اور تحریک طالبان افغانستان کے اہم ارکان شرکت فرمائینگے۔ تمام مسلمانوں کو دعوت عام ہے۔

تحفظ دینی مدارس کے کنونیئر کی حیثیت سے مولانا مد ظلہ کا دس روزہ دورہ پنجاب :

جمعیت علمائے اسلام نے قائد جمعیت مولانا مد ظلہ کے دورہ پنجاب کا تفصیلی پروگرام مرتب کیا تھا چنانچہ ۲۰ اگست سے ۳۰ اگست تک پنجاب کے آٹھوں ڈویژنوں میں جماعتی کونشوں کے ساتھ تحفظ مدارس دینیہ کانفرنسیں منعقد ہوئیں۔ اسی طرح آپ نے مختلف استقبالیہ تقریبات اور پریس کانفرنسوں سے خطاب بھی فرمایا، تقریباً اس دورے میں پچاس کے لگ بھگ تقاریب منعقد ہوئیں۔ آپ نے ان مقامات کا دورہ کیا، واہ کینٹ، روالپنڈی ڈویژن، فیصل آباد، لاہور، گوجرانوالہ، ڈسکہ، سیالکوٹ، اوکاڑہ، مانگامنڈی، رینالہ خورد، خانیوال، کبیر والا، ملتان، مخدوم پور، بہاولپور، حاصل پور، چشتیاں، مظفر گڑھ، ڈیرہ غازی خان، نور یوالہ، ساہیوال اور دیگر اکثر مقامات میں علماء طلباء کارکنوں اور عوام سے پاکستان اور عالم اسلام کو درپیش مسائل حالات اور ان کے حل پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ بالخصوص دینی مدارس کے طالبان کو پاکستان میں طالبان پاکستانی تحریک برپا کرنے کا خاکہ دیا اس دورہ میں جمعیت کے مرکزی اور صوبائی قائدین کی ایک بڑی تعداد بھی آپ کے ہمراہ رہی۔

امارت اسلامی افغانستان کے سفیر مولانا سید محمد حقانی صاحب کی تشریف آوری

گزشتہ دنوں حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مد ظلہ سے ملاقات کیلئے افغان سفیر مولانا سید محمد حقانی صاحب دار العلوم حقانیہ تشریف لائے۔ آپ نے حضرت مولانا مد ظلہ کے ساتھ مختلف موضوعات پر تفصیلی بات چیت کی خصوصاً افغانستان کی داخلی تازہ صورتحال، امریکہ اور اقوام متحدہ کی ظالمانہ پابندیوں کے نتیجے میں ہونے والے نقصانات سے مولانا کو آگاہ کیا۔ مولانا سید محمد حقانی صاحب کی بطور سفیر حقانیہ آمد آخری مرتبہ تھی اور آپ الوداعی طور پر حضرت مولانا مد ظلہ سے ملاقات کے لئے تشریف لائے تھے۔ اب آپ کا تقرر افغانستان میں ہو چکا ہے۔ اور نئے آنے والے سفیر ملا عبد السلام ضعیف نے اپنا چارج سنبھال لیا ہے۔

برطانیہ کے پولیٹیکل سیکرٹری مسٹر رچرڈ جانسن سکویئر کی آمد

© rasailojaraid.com